سوال

(281) مجلس برخاست کرنے سے قبل سو مرتبہ استغفار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ ہر مجلس کو برخاست کرنے سے پہلے 70 یا 100 مرتبہ استغفار کرتے تھے۔ کیا بندہ خطبہ جمعہ کے دوران بھی استغفار کر سکتا ہے وضاحت کریں؟ (محمد عبداللہ، شرقپور دفتر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مجلس میں شمار کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم 100 مرتبہ یہ کلمات کہتے

(رَبِّ اغْفِرْلِی، وَتُبْ عَلَیَّ، اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ)

"اے میرے پروردگار مجھے معاف کر دے اور میری توبہ قبول کر لے بلاشبہ تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور بہت بخشنے والا ہے"۔ (ابوداؤد 1516، ابن ماجہ 3814، بحوالہ مشکوۃ المصابیح 2352)

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں بیٹھے بیٹھے 100 بار استغفار کرتے تھے اور آج ہمیں بھی اپنی مجالس میں کثرت سے استغفار کرنا چاہیے تاکہ ہمارے گناہوں کی معافی ہوسکے البتہ دوران خطبہ استغفار کرنا ثابت نہیں بلکہ خطبہ کو دھیان اور توجہ سے سننا چاہیے جو آدمی اپنی توبہ و استغفار میں مشغول ہو وہ خطیب کی بات کو دھیان سے نہیں سن سکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ: 376